سمعی مہارت کی مشقیں

مشق 13

متن

مہرین بٹیا صبح جلدی اٹھ جاتی ہیں اور اسکول کے لیے خود ہی تیار ہوتی ہیں۔ آج مہرین کے اسکول میں تقریری مقابلہ ہے اور مہرین نے اس کی بہت اچھی تیاری کی ہے۔ مہرین کی امی جانتی ہیں کہ اسکول جانے سے پہلے اور کسی بھی مقابلے سے پہلے اچھا ناشتہ کرنا ضروری ہے تاکہ طاقت اور توانائی ملے۔ انھوں نے مہرین بٹیا کو ابلے ہوئے انڈے اور کھجور کے علاوہ دودھ کا ایک کپ ناشتے میں دیا۔ اس کے ساتھ انھوں نے آدھی چھٹی کے لیے ٹفن میں پھل اور بسکٹ رکھ دیئے۔ مہرین بٹیا خوش ہوگئیں۔

سوالات

سنیے اور خالی جگہیں پر کیجیے: (10)

مہرین بٹیا صبح جلدی ______ جاتی ہیں اور اسکول کے لیے خود ہی تیار ہوتی ہیں۔ آج مہرین کے اسکول میں تقریری ______ ہے اور مہرین نے اس کی بہت اچھی ______ کی ہے۔ ان کی امی ______ ہیں کہ اسکول جانے سے پہلے اور کسی بھی مقابلے سے پہلے اچھا ______ کرنا ضروری ہے تاکہ طاقت اور ______ ملے۔ انھوں نے مہرین بٹیا کو ______ ہوئے انڈے اور کھجور کے ______ دودھ کا ایک کپ دیا۔ اس کے ساتھ انھوں نے ______ چھٹی کے لیے ٹفن میں پھل اور بسکٹ رکھ دیئے۔ مہرین بٹیا ______ ہوگئیں۔

سنیے اور درست جوابات پر نشان لگائیے: (10)

ا۔ مہرین بٹیا ______ جلدی اٹھ جاتی ہیں۔

وہاں سے　　　　صبح　　　　شام میں

۲۔ اسکول کے لیے خود ہی ______ ہوتی ہیں۔

بیدار　　　　تیار　　　　راضی

۳۔ آج مہرین کے اسکول میں ______ مقابلہ ہے۔

تحریری　　　　نغموں کا　　　　تقریری

۴۔ مہرین نے اس کی بہت اچھی ______ کی ہے۔

کوشش　　　　تیاری　　　　بات

۵۔ اسکول جانے سے پہلے اور کسی بھی مقابلے سے پہلے اچھا ______ کرنا ضروری ہے۔

ناشتہ　　　　راستہ　　　　رابطہ

۶۔ تاکہ طاقت اور ______ ملے۔

بہتری　　　　ہمت　　　　توانائی

۷۔ انہوں نے مہرین بٹیا کو ______ ہوئے انڈے دیئے۔

ابلے ہوئے　　　　پکے ہوئے　　　　تلے ہوئے

۸۔ ناشتے میں کھجور کے ساتھ ______ کا ایک کپ دیا۔

دودھ　　　　چائے　　　　جوس

۹۔ ______ چھٹی کے لیے ٹفن میں پھل اور بسکٹ رکھ دیئے۔

اگلی　　　　آدھی　　　　کل کی

۱۰۔ مہرین بٹیا ______ ہو گئیں۔

اداس　　　　خوش　　　　بے چین

سننے کی مشق کے بعد بات چیت

کیا آپ بھی اسکول کے مقابلوں میں حصہ لیتی / لیتے ہیں؟

اس کے لیے تیاری کا آپ کیا طریقہ ہوتا ہے؟

مقابلے والے دن آپ کیا ناشتہ لیتی / لیتے ہیں؟

****